سوال

مروہ سے آغاز کیا صفا پر بال کٹوائیے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں ایک بوڑھا آدمی ہوں، میں نے عمرہ کے لیے طواف کیا اور پھر سعی کے سات چکر لگائے لیکن میں نے سعی کا آغاز مروہ سے کیا اور صفا پر بال کٹوائیے اور سلا ہوا لباس پہن لیا تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس سائل کو چاہیے کہ ایک چکر اور لگائے کیونکہ اس کا ایک چکر رہ گیا الا یہ کہ آٹھ چکر لگالیے ہوں تو اس میں کوئی حرج نہیں، پہلا چکر زائد ہوگا اور اس کا کوئی نقصان نہیں، مقصود یہ ہے کہ اگر اس نے مروہ سے آغاز کرکے صفا پر سعی کو ختم کیا اور آٹھ لگائے ہیں تو یہ اس کے پورے سات چکر ہی شمار ہوں گے اور اگر اس کے تمام چکر سات ہی ہیں تو پھر اس کا ایک چکر رہ گیا ہے، لہذا اسے ایک چکر اور لگا کر سعی کو مکمل کرنا چاہیے اور بال دوبارہ کٹوانے چاہئیں تاکہ عمرہ مکمل ہوجائے، پہلے کٹوائے ہوئے بال کافی نہ ہوں گے کیونکہ انہیں تکمیل سعی سے پہلے کٹوالیا گیا ہے، پہلا چکر جو مروہ سے شروع کیا گیا، وہ شمار نہیں ہوگا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی